SuperNovaSchool
LEARN TO BE DISTINCT

اردو۔ سوم

معیارِ اول

موضوع: تفہیم۔۳	نام طالبِ علم:	فریق:	تاریخ:

سوال: درج ذیل تفہیم کو بغور پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

عمر وقت کا پابند تھا۔ لیکن آج سکول دیر سے پہنچا تو اس نے دیکھا کہ دیر سے آنے والے بچے چوکیدار کی خوشامد کر کے جرمانہ دیے بغیر ہی سکول میں داخل ہو رہے ہیں۔ لہٰذا اس نے بھی چوکیدار کی جھوٹی تعریف کی اور جرمانہ دیے بغیر اندر چلا گیا۔ جب وہ جماعت میں ٹیسٹ کر رہا تھا تو اس نے ظفر کو نقل کرتے دیکھا۔ ظفر عمر کا دوست تھا لہٰذا وہ خاموش ہو گیا اور ظفر کی شکایت استانی سے نہ کی۔ چھٹی کے بعد گھر آ کر اس نے اپنی امی کو پورے دن کا حال سنایا۔ خوشامد کرنے اور ظفر کی نقل کرنے سے متعلق سن کر امی نے کہا کہ بیٹا! کسی کو دھوکہ دینا بہت برا عمل ہے۔ اچھے بچے تو نہ خود برا عمل کرتے ہیں نہ برائی میں اوروں کا ساتھ دیتے ہیں، بلکہ دوسروں کو بھی ایسا کرنے سے منع کرتے ہیں۔ عمر کو شرمندگی ہوئی اس نے آئندہ ایسی کوئی بھی حرکت کرنے سے توبہ کر لی اور ظفر کو بھی یہ سب بتانے کا وعدہ کیا۔ امی نے اس کے اپنی غلطی مان لینے اور توبہ کر لینے پر شفقت سے اس کی طرف دیکھا اور اسے شاباش دی۔

س ا۔ خوشامد کا کیا مطلب ہے؟

ج:____

____

س ۲۔ آپ کے خیال میں ظفر ٹیسٹ میں نقل کیوں کر رہا تھا؟

ج:____

____

س ۳۔ غلطی ہو جانے پر کیا کرنا بہتر عمل ہے؟

ج:____

____

س ۴: عبارت میں سے چار حروفِ جار تلاش کر کے لکھیے۔

ا۔__________ ۲۔__________ ۳۔__________ ۴۔__________